ضمیمہ اخبار نور افشاں مطبوعہ ۱۸ جون ۱۸۸۵ء

اشتہار

(نیٹو کرسچن سوسائٹی کو سارے ہندوستان میں اپنے ممبر درکار ہیں۔ اور نیٹو کرسچن پیپر کو خریدار اور مددگار)

اس میں بھی کچھ شک نہیں ہے کہ ہم نیٹو کرسچن اپنی قومی ترقی اور بہبودی کے کیا علوم اور فنون میں۔ کیا ہنروں اور پیشوں میں۔ کیا اخلاق اور عادات میں کیا حسن معاشرت میں۔ کیا تمدن اور طریقہ تمدن اور گذر اوقات میں۔ اور دوسری خوبیوں اور معزز کاموں میں۔ غرضکہ انسانیت کی ساری شائستگیوں میں نہایت درجہ محتاج ہیں۔ اور اس میں بھی کلام نہیں ہے کہ ہم میں سے کتنے ہی عقلمند اور ہوشمند ان حاجتوں اور ضرورتوں کی بابت فکرمند ہوئے اور ابتک بھی کوشش سے باز نہیں آئے۔ لیکن مشکلات یہ ہیں کہ ہم لوگ جدی جدی قوموں اور گروہوں کے اور الگ الگ ملکوں اور صوبوں کے اور مختلف زبانوں اور مذہبوں اور طریقوں کے ہیں جو حال ہی میں خود ہی یا ایک حد دو پیڑہی سے ایک دین میں شریک ہوئے ہیں پھر گنتی میں بہت تھوڑے اور ایک دوسرے سے جدا۔ کہیں تو ایک دو اور بعضے بڑے قصبوں اور شہروں میں دس پانچ یا بہت ہوئے تو سو دو سو ہو کر اتنے بڑے ملک ہند کے اندر آٹے میں نمک کی برابر۔ اِدھر اُدھر پراگندہ ہو کر رہتے ہیں۔ اور آپس میں ملنے جلنے کا بھی بہت کم اتفاق ہوتا ہے۔ اور وہ بھی تھوڑے تھوڑے لوگوں کو۔ اور سب سے زیادہ مشکل یہہ ہے کہ ہم سب کے سب بے زر بھی ہیں اور بے پرجی ہیں ✠

اِس سوسائٹی کے کئی ایک ممبروں نے کتنے ہی برس وقت بوقت ہندوستان کے ہر اطراف میں پھر پھرا کر اپنے بھائیوں کے حالات کو غور و فکر سے دیکھا اور دوسرے ذریعوں سے بھی واقفیت حاصل کی اور انکی بہتری اور بہبودی کی بابت اور اُن مشکلات کے دور کرنے کی بابت خود بھی برسوں سوچا اور ہر اطراف کے بہت سے دانشمند اور دیندار نامی گرامی بلکہ ہر درجہ اور رتبہ کے بھائیوں سے صلاح لی اور مشورہ کیا اور آخر کو خدا کے فضل سے ۲۱- دسمبر ۱۸۸۴ء سے یہہ سوسائٹی مقام بھنڈارہ قسمت ناگپور سے جاری ہوئی ✠

اس سوسائٹی کے شروع ہوتے ہی ایک سیکرٹری اسکا جبلپور تک اور دوسرا مانے گاؤں اور بمبئی تک گیا۔ جبلپور کے سب بھائی اس سوسائٹی میں شریک اور عزت بخش ہوئے۔ اور ممالک متوسط اور پریسیڈنسی بمبئی کے دوسرے کئی ایک چھوٹے اور بڑے شہروں کے بھائیوں نے شریک ہو کر اس سوسائٹی کو عزت بخشی ہے۔ اور دوسرے بھائی ہر طرف سے اسکے قواعد دیکھ کر شامل ہونے کی خواہش فرماتے ہیں ✠

ایک سیکرٹری کی بیماری کے سبب اس سوسائٹی کے قواعد مشتہر کرنے میں دیر ہوئی۔ اب مشتہر کیئے جاتے ہیں ✠

اس سوسائٹی کو پوری امید اور پکا بھروسا ہے کہ تھوڑے عرصہ میں ہر کہیں اس سوسائٹی کی شاخیں قائم ہونگی اور پرچہ نیٹو کرسچن پیپر بھی جلد جاری ہو جائیگا جسکا ذکر قواعد میں مذکور ہے اور اسوقت سے کارروائی مطالب اور مقاصد اس سوسائٹی کے شروع ہو جاینگے کیونکہ یے دونوں باتیں سب سے مقدم ہیں ✠

وہ پرچہ کب کب اور کتنے صفحوں پر چھاپا جائیگا اور ہر پرچہ میں کتنے صفحے ہوا کرینگے اور سالانہ کیا قیمت ہوگی یہہ باتیں درخواستوں کے آنے اور کارروائی سوسائٹیوں کے جاری ہو جانے پر موقوف ہے تو بھی اسقدر اندازہ سے کہہ سکتے ہیں کہ ہر ہر زبان کا ہر ایک پرچہ ہفتہ وار ہوگا اور ہر ہفتہ کا پرچہ ہر زبان اور حروف کا آٹھ دس صفحہ سے کم نہ ہوا کریگا اور قیمت معہ محصول للعہ روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی ✠

اب یہہ سوسائٹی ہندوستان کے سب نیٹو کرسچن بھائیوں اور بہنوں سے منت اور سماجت کرتی ہے کہ اس امر خیر میں بلکہ سب سے بہتر اور ضروری کام میں جسقدر جلد ہو سکے شریک ہوں۔ جبتک جنرل کونسل اور اسکا صدر مقام مقرر ہو اور اُسکی اطلاع دیجائے اُسوقت تک ہر ایک بھائی اور بہن اپنا نام حسب ذیل لکھ کر اس سوسائٹی میں بھیجدیں۔ تاکہ اُنکا نام درج جنرل رجسٹر ممبران سوسائٹی کل ہندوستان کے کیا جاے۔ جو رجسٹر جنرل کونسل میں بحفاظت پشت در پشت رکھا جائیگا بلکہ جسکی نقلیں وقت بوقت ایک ترتیب سے۔ نیٹو کرسچن پیپر میں درج ہو کر ہر ایک سوسائٹی میں بھی محفوظ رکھی جائینگی ✠

میں
ولد
(لقب (یونیورسٹی یا سرکار سے اگر ملا ہووے)
ساکن
عمر
پیشہ
کا آج تاریخ

ماہ ... سنہ ۱۸ء کو ممبر نیٹو کرسچن سوسائٹی مقام ... کا ہوا ہوں +

دستخط

اگر ایک سے زیادہ شخص ہوں تو ممبر جب اُس نمونہ کے یکجائی فہرست بھیجدیں +

جو کوئی درخواست نیٹو کرسچن پیپر کی خریداری کی فرمائیں وہ اپنا نام اور نشان اور مقام سکونت اور تعداد پرچوں کی معہ زبان اور حروف پرچہ کی جسکی خریداری منظور ہو لکھہ کر بھیجدیں +

دونوں کاغذ بالفعل اِس سوسائٹی میں حسب ذیل بھیجدیں +

بنام مولوی صفدر علی سکرٹری نیٹو کرسچن

سوسائٹی مقام بھنڈارہ قسمت ناگپور ہندستان اپر ڈوائینز

قواعد اس سوسائٹی کے

مراتب ابتدائی

(۱) اس سوسائٹی کا نام نیٹو کرسچن سوسائٹی رکھا گیا ہو +

(۲) اس سوسائٹی کا مقصد یہہ ہو کہ تمام ہندوستان کے نیٹو کرسچن لوگوں میں آپس کی جان پہچان اور میل جول پیدا کرے اور انہیں سچی مسیحی محبت اور یکتائی اور ہمدردی کام میں لاکر انہیں دینی اور دنیاوی فائدہ مند علوم و فنون اور ہنروں اور پیشیوں اور کاروبار اور اخلاق و عادات اور حسن معاشرت اور معاملات اور دوسری شائستگیوں میں اعلیٰ درجہ تک پہنچانے میں حتیٰ المقدور کوشش کرے تاکہ اُنکے وسیلہ خدا باپ اور بیٹے اور روح القدس کا جلال ظاہر ہووے + آمین

(۳) اس سوسائٹی کا نہ اس وقت یہہ ارادہ ہو نہ کبھی آیندہ ہوگا کہ ظاہر یا باطنا کسی خاص فرقہ مسیحی کی حمایت یا مخالفت کریگی یا کوئی نیا فرقہ یا چرچ قایم کرے گی بلکہ ایسی بحثوں اور تکراروں اور باتوں سے ہمیشہ جدا رہیگی +

(سوسائٹی اور اسکے ممبروں کا تقرر)

(۴) سارے ہندوستان میں ہر ایک شہر اور قصبہ اور گانوئں میں جہاں جہاں نیٹو کرسچن اب رہتے ہیں یا آیندہ رہینگے وہاں وہاں اس سوسائٹی کی ایک ایک شاخ قائم کی جائیگی - مگر بڑے بڑے شہروں میں جہاں نیٹو کرسچن کثرت سے ہیں اور بہت دور دور رہتے ہیں وہاں دو چار شاخیں مقرر کی جاویں تاکہ اُنکے ہفتہ وار جمع ہونے اور کام کرنے میں خلل اور دقت نہ ہو +

(۵) ہر مقام کی سوسائٹی اُسی مقام کے نام سے موسوم ہوگی - جیسی جبلپور کی سوسائٹی - ناگپور کی سوسائٹی - موس بلڈ مینگ بمبئی کی سوسائٹی بھائی کھلہ بمبئی کی سوسائٹی + وغیرہ

(۶) ہر ایک مقام کی سوسائٹی میں کم سے کم ایک سیکرٹری اور ایک اکونٹنٹ (محاسب) اور ایک منیجر (کارکن) ہوگا - لیکن جس مقام پر ایک ہی ممبر اس سوسائٹی کا ہو وہاں وہ خود ہی سب کچھہ ہوگا جب تک دوسرے ممبر ہوں +

(۷) جہاں پچاس یا اُس سے زیادہ ممبر اس سوسائٹی کے ہوں وہاں وہاں ان تینوں عہدداروں کے سوا اُس سوسائٹی کی منظوری سے حسب ضرورت ایک یا دو وئیس پریسیڈنٹ ہونگے اور جہاں ایک سو یا اُس سے زیادہ ممبر ہوں وہاں ایک پریسیڈنٹ بھی اس سوسائٹی کی مرضی اور ضرورت کے موافق ہونگے +

(۸) یہ سب عہدہ دار آنریری ہونگے - لیکن جس کسی سوسائٹی میں اب یا آیندہ زیادہ کام اور آمدنی میں گنجائش ہو وہاں کلارک یا محرر اور چپراسی وغیرہ تنخواہ دار بھی ملازم ہونگے +

(۹) دوسرے ممبر سوسائٹی کے جہاں تک ہوسکیں شکر گذاری کے ساتھہ قبول کئے جاوینگے - چاہے جسقدر ہوں +

(۱۰) ہر ایک نیٹو کرسچن مرد اور عورت چاہے وہ کسی چرچ اور مشن کا ہو اس سوسائٹی میں ممبر ہوگا - البتہ جو کوئی شخص کسی چرچ یا مسیحی فرقہ سے خارج کردیا گیا ہو وہ اسوقت تک شامل نہوگا جس وقت تک وہ خارج رہے یا وہ شخص جسکی نسبت اُسکی ذاتی نالائقی کے سبب سے سوسائٹی کے اکثر ممبروں کی رائے میں اسکا شامل کرنا نامناسب ہو +

(۱۱) سوائے نیٹو کرسچن کے اور کوئی شخص اس سوسائٹی کا ممبر نہ ہوگا - لیکن ہر مقام کی سوسیٹی کو اختیار ہو کہ وہ کسی معزز کرسچن کو اپنا پیٹرن (مربی) بناوے

(۱۲) کوئی ممبر کسی سوسائٹی کا خارج یا معطل نہ کیا جاوے گا جب تک وہ خود استعفا نہ دے یا اُس مقام کی سوسائٹی کے اکثر ممبروں کی رائے میں اسکا خارج یا معطل کرنا قرین مصلحت ہو - پھر بھی سوسائٹی مجاز ہوگی کہ اسکو پھر داخل کرے +

(ہر مقام کی سوسائٹی کی معمولی کارروائی)

(۱۳) ہر ایک سوسائٹی ہفتہ میں ایک دن جو وہ سوسائٹی قرار دے ایک خاص جگہہ پر جمع ہوا کریگی +

(۱۴) پہلے پاک کتاب سے کچھہ پڑہا جائیگا خاص کر اُن مقاموں سے جو آپس کی مسیحی محبت اور یکتائی اور یکدلی اور ہمدردی اور ایک دوسرے

کی خبرگیری اور جواب داری اور اس سوسائٹی کے دوسرے مقاصد کی بابت ہیں +

(۱۵) پھر ایک مختصر دعا ہوگی خاص کر اس سوسائٹی کی ترقی اور اسکی کارروائی پر الٰہی برکت کے واسطے (اگر کوئی ممبر اپنے فرقہ کے قاعدہ کے سبب دوسرے ممبروں کے ساتھ شریک دعا نہ ہوسکتا ہو تو وہ خاموش بیٹھا رہیگا) +

(۱۶) پھر ایک گیت بھی گایا جاوے خاص کر جو سوسائٹی کے مقاصد سے علاقہ رکھتا ہو +

(۱۷) پھر چندہ کی تھیلی قاعدہ کے موافق حاضرین جلسہ کے درمیان گھمائی جائے۔ جس میں ہر شخص اپنے مقدور اور خوشی کے موافق اس کار خیر کے لئے کچھ ڈالے۔ یہانتک کہ ایک پائی ہی سہی۔ کیونکہ جو کوئی ایک حبہ بھی اپنے مقدور اور خوشی سے دیتا ہو وہ خداوند کی نظر میں بڑے خزانوں سے زیادہ ہے +

چندہ دیتے وقت دو چار وہ آیت کتاب مقدس سے پڑھی جاویں یا گائی جاویں جو خیرات کی بابت وارد ہیں +

(۱۸) پھر وہ زرچندہ سوسائٹی میں اُسی وقت پیش ہوکر شمار کیا جاوے۔ اور اُسکے سوا دوسرا زرچندہ عام یا خاص جو پچھلے جلسہ بعد ممبران سوسائٹی یا دوسرے لوگوں نے دیا ہو یا اور کوئی آمدنی سوسائٹی کی حاصل ہوئی ہو وہ سب روپیہ بھی پیش ہوئے اور اسطرح سے سبکا حساب کرکے محاسب اپنی کتاب حساب میں درج کریگا۔ وہ کتاب اُسی مقام کی سوسائٹی کے سرمایہ کی حساب کی کتاب کہلائے گی اور پھر اسپر سیکرٹری کے بھی دستخط سیوقت کئے جاویں +

(۱۹) پھر وہ سب روپیہ اُس مقام کے ڈاک خانہ کے سیونگز بینک میں اس سوسائٹی کے سیکرٹری کی طرف سے باقاعدہ جمع کیا جائیگا جہاں کی رسید کی کتاب آیندہ جلسہ میں سوسائٹی میں سیکرٹری پیش کریگا کہ وہ روپیہ جمع ہوگیا اور سوسائٹی کے مقام پر ڈاک خانہ نہ ہو تو اُس ڈاک خانہ کے سیونگز بینک میں جمع کیا جاوے جو اس مقام سے نزدیک تر ہو +

(۲۰) اگر کسیوقت زرچندہ سوسائٹی کا سیونگز بینک میں اتنا جمع ہوجاوے کہ وہاں کے قاعدہ کے بموجب اُس سے زیادہ جمع نہ ہوسکے یا سود نہ مل سکے تو سوسائٹی دوسرے ہی تجویز کرے گی۔ پرامیسری نوٹ وغیرہ خرید کرکے جس سے زرچندہ بے سود اور حالت خطر میں نہ پڑے +

(۲۱) جو زرچندہ یا اُسکا سود یا دوسری آمدنی کسی مقام کی سوسائٹی کو حاصل ہوگی وہ کسی کی ملک نہ ہوگی بلکہ وہی سوسائٹی اُسکی مالک ہوگی +

(۲۲) جسقدر زر مذکور کسی خاص کام کے واسطے دیا جائیگا معہ اُسکے سود کے وہ اُسی کام میں وہ سوسائٹی خرچ کریگی۔ لیکن چندہ عام اور اسکا سود اور آمدنی سے اُس سوسائٹی کی تجویز سے بمنظوری عام یا خاص پراونس کونسل و جنرل کونسل کے خرچ ہوگا۔ کسی اور شخص یا دوسرے مقام کی سوسائٹی کو کچھ اختیار اسکے خرچ کرلینے کا نہ ہوگا +

(۲۳) بعد وصول ہونے زرچندہ اور جانچ حساب زر مذکور کے سوسائٹی کی خاص کارروائی تجویز اور تعمیل مقاصد اس سوسائٹی کی شروع ہوگی جو پراونس یا جنرل کونسل نے اُسکے سپرد کی ہو یا منظور کی ہو۔ یا خود اس سوسائٹی کو کرنی ہو یا مینٹنگ ہو +

(۲۴) رویداد کارروائی ہر جلسہ سوسائٹی کی ہر مقام کا سیکرٹری ایک کتاب میں لکھا کریگا جو اس مقام کی سوسائٹی کی پروسیڈنگ بک کہلائے گی۔ اس کتاب کے سوا ایک کتاب فہرست ممبران سوسائٹی کی حسب نقشہ مجوزہ رہیگی اور جب ممبر اُس سوسائٹی میں شامل ہونگے اُس میں درج کئے جاوینگے اور جب خارج ہونگے کیفیت اُسکی کیفیت کے خانہ میں لکھ دی جایا کریگی +

(۲۵) مینیجر کا کام انتظام جلسہ و کارروائی سوسائٹی کا اور تعمیل احکام سوسائٹی کی +

(۲۶) ہر ایک جلسہ سوسائٹی میں ہر ایک ممبر کو حاضر ہونا ضرور ہے لیکن ایک تہائی ممبر بھی حاضر ہوا تو بھی کارروائی سوسائٹی کی بند نہ رہیگی +

(۲۷) سیکرٹری اور اکونٹنٹ اور مینیجر اور نیز پریسیڈنٹ اور دوسرے اہل کاروں کا تقرر اور سوسائٹی کے روپیہ کا خرچ اور دوسری تجویز اور تعمیل کا فیصلہ سوسائٹی کے اکثر ممبروں کی رائے پر ہوگا +

(پراونس کونسل)

(۲۸) واسطے انتظام اور عام نگرانی اور ہدایت کارروائی سوسائٹی کے پریسیڈنسی۔ بمبئی و مدراس و بنگال و ممالک متوسط و مغربی و شمالی و اودھ و پنجاب و آسام و کورگ و حیدرآباد ہر ایک پراونس صوبہ میں ایک یا زیادہ کونسل ہونگی جو پراونس کونسل کہلاینگی +

(۲۹) یہہ بات کہ کس کس پراونس میں کتنی کتنی پراونس کونسل ہونگی اور اُن کونسلوں کے صدر مقام (ہیڈکوارٹرس) کہاں کہاں ہونگے اور کس کس کونسل مذکور کے ماتحت کس کس مقام کی سوسائٹیاں ہونگی۔ یے باتیں ہر ایک پراونس کے سوسائٹیاں اپنے اپنے پراونس کے لئے آپ ہی تجویز کرینگے اور تصفیہ

ان باتوں کا ان سوسائٹیوں کے اکثر رائے پر ہوگا جو انکے سیکرٹری ظاہر کرینگے +

(۳۰) ہر ایک پراونس کونسل کے ممبر اسکے صدر مقام کی سوسائٹی اور اس سے متعلق ساری سوسائٹیوں کے سب پریسیڈنٹ و وائس پریسیڈنٹ و سیکرٹری اور دوسرے لائق ممبر ہونگے جن جنکی نسبت سوسائٹی سفارش کرے اور کونسل کے ممبر انکو قبول کریں +

(۳۱) ہر ایک پراونس کونسل میں ایک پریسیڈنٹ اور ایک یا زیادہ وائس پریسیڈنٹ اور سیکرٹری اور منیجر اور اکونٹنٹ اور دوسرے اہلکار حسب ضرورت اکثر رائے ممبران سے مقرر ہونگے +

(۳۲) جس جس سوسائٹی کے ممبر اس کونسل میں شامل ہونگے وہ اپنی اپنی سوسائٹی کی طرف سے اپنی اپنی رائے اور ووٹ دینے والے سمجھے جائینگے اور ہر ایک تجویز اور تعمیل کی نسبت ان کونسلوں میں بھی فیصلہ اکثر رائے پر فیصل ہوگا +

(۳۳) معمولی جلسہ اس کونسل کا ایک وقت مقررہ پر ہوا کریگا جو وہ کونسل مقرر کریگی - اس جلسہ میں صدر مقام کے ممبر تو حاضر ہونگے لیکن دوسرے مقاموں کے ممبر اپنی رائے بذریعہ تحریر کے وقت مقررہ پر بھیجا کرینگے اور اگر کوئی ممبر حاضر ہووے تو خوشی سے قبول کیا جاوے +

(۳۴) کارروائی کونسل کی مثل کارروائی سوسائٹیوں کے دفعہ ۱۴ و ۱۵ و ۲۲ و ۲۴ - سے ۲۷ - تک مذکور ہو خاص کارروائی اس کونسل کی انتظام اور عام نگرانی اور ہدایت کارروائی اپنی ماتحت سوسائٹیوں کی اور زیر ہدایت جنرل کونسل کے اسکے احکام کی تعمیل کرانا اور جانچ حساب کی ہوگی - اور اپنی کونسل کی رائے کا بذریعہ اپنے ممبران کے جنرل کونسل میں ظاہر کرنا +

(جنرل کونسل)

(۳۶) اس سوسائٹی کے مقاصد کی تجویزیں اور تدبیریں کرنا اور انکی تحقیقات اور تعمیل کے نسبت احکام اور ہدایت کرنا اور سوسائٹیوں اور پراونس کونسلوں کے انتظام اور اہتمام کی بابت قواعد جاری کرنا اور فسخ اور ترمیم کرنا اور جن جن امروں کی نسبت پراونس کونسلوں سے رائے طلب کی گئی ہوں قطعی فیصلہ کرنا اور اپنے احکام اور تصفیوں کی تعمیل کرانا اور پراونس کونسلوں اور سوسائٹیوں کی کارروائیوں کی نگرانی خاص کام اس کونسل کا ہے +

(۳۷) یہہ کونسل سارے ہندوستان میں ایک ہی ہوگی اور اسکا ہیڈ کوارٹر (صدر مقام) کل پراونس کونسلوں کی اکثر رائے سے قرار پائیگا +

(۳۸) اس کونسل کے ممبر ہر ایک پراونس کونسل کے پریسیڈنٹ اور وائس پریسیڈنٹ اور سیکرٹری ہونگے اور انکے سوا دوسرے لائق ممبر ہونگے جنکو وہ اپنی طرف سے منتخب کریں اور ممبران مذکور انکو منظور کریں +

(۳۹) قاعدہ دفعہ ۳۲ و ۳۳ و ۳۴ - اس کونسل سے بھی متعلق ہو +

نیٹو کرسچن پیپر

(۴۰) جنرل کونسل سوسائٹیوں اور پراونس کونسلوں اور اپنی کارروائی کا خلاصہ اور احکام عام اور قواعد اور سوسائٹیوں اور پراونس کونسلوں کی اور انکے ممبروں کی تقرری اور موقوفی ایک پرچہ میں چھپوایا کریگی جسکا نام نیٹو کرسچن پیپر ہوگا +

(۴۱) اس پرچہ میں ان باتوں کے سوا تمام اخبار اور اشتہار اور مضامین (آرٹیکل) جو اس سوسائٹی کے مقصدوں کے لئے مفید ہوں گے چھاپے جاوینگے جو ہر جگہہ سوسائٹیوں اور پراونس کونسلوں اور دوسرے لوگوں کی طرف سے پہنچا کرینگے یا دوسرے اخباروں اور کاغذوں سے معلوم اور دریافت ہوا کرینگے تاکہ یہہ پرچہ بھی ایک عمدہ ذریعہ اس سوسائٹی کے مقصدوں کے پورا کرنے کا ہووے +

(۴۲) یہہ پرچہ انگریزی - اردو - فارسی حرف - اردو رومن حروف - ہندی ناگری حروف - مرہٹی بالبودہ حروف - بنگالی - تامل تیلنگی - کینری اور گجراتی میں ہم مضمون جدا جدا پرچہ میں جاری ہوگا بلکہ کافی درخواستوں کے آنے پر فارسی پشتو - کشمیری - پنجابی - گونڈی - اوڑیا - وغیرہ ہندوستان کی دوسری زبانوں میں بھی اسکا اجرا کیا جائیگا جس زبان اور حروف کے پرچہ کے لئے پانسو درخواست بھی آجائینگی اس زبان اور حروف میں وہ پرچہ فوراً جاری کیا جائیگا +

(۴۳) جنرل کونسل ان پرچوں کا اہتمام عام اپنے ذمہ لیکر بندوبست کریگی کہ عمدہ کاغذ اور اچھے حروف میں اور سیدھی سادھی عبارت میں لائق مہتمم اور مترجموں کے ذریعہ کفایت کے ساتھ چھاپے جاویں +

(۴۴) جو زر قیمت اس پرچہ کا حاصل ہوگا وہ کسی خاص شخص کی ملک نہ ہوگا بلکہ خاص اسی پرچہ کی اجرا اور بہبودی میں خرچ کیا جائیگا جنرل کونسل کی نگرانی اور حفاظت سے جسکے عام اہتمام سے وہ چھاپا جائیگا +

(۴۵) ہر ایک سوسائٹی اور ہر ایک پراونس کونسل اور جنرل کونسل کو کم سے کم ایک پرچہ مذکور کا خریدنا فرور ہے جس زبان اور حروف کا درکار ہو اور زیادہ پرچے ایک ہی زبان کے

